سوال

(151) رمضان میں رسول اللہ ﷺ تراویح اور تہجد دونوں ساتھ پڑھتے تھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان میں رسول اللہ ﷺ تراویح اور تہجد دونوں ساتھ پڑھتے تھے۔ یا صرف تہجد؟ اس بارے میں رسول اللہ ﷺ واصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا کیا عمل تھا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر عشاء کے بعد قیام اللیل کرلیا جائے۔ تو یہ تراویح ہے، اور سو جانے کے بعد وسط یا آخر شب میں قیام اللیل کیا جائے تو یہ تہجد ہے، اور دونوں طرح جائز ہے، جب اول شب میں پڑھ لیا تو آخر شب میں تہجد پڑھنا جائز ہے، اور اگر آخر شب میں پڑھا تو وہی تراویح اور وہی تہجد ہو جائے گا۔ واللہ اعلم بالصواب وعلمہ اتم واجل۔

(اخبار محمدی دہلی جلد ۱۸ ش ۲۲) (راقم احقر عبد السلام غفرلہٗ مدرس مدرسہ حاجی علی جان دہلی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 417

محدث فتویٰ